# کتاب نما

ادارہ

## قرآنیات پر نئی کتابیں اور مضامین

**تفسیر ابن مسعودؓ، تالیف: محمد احمد عیسوی**

طبع اول ۱۹۸۵ء، ناشر: فیصل ویلفیر سوسائٹی ریاض، دو جلد، صفحات جلد اول ۳۷۴ جلد دوم ۴۴۲

یہ کتاب دراصل ایم۔اے کا مقالہ ہے جس پر مولف کو جامع ازہر سے ۱۹۸۰ء میں ایم۔اے کی ڈگری تفویض کی گئی۔ مؤلف نے بڑی عرق ریزی سے حضرت عبداللہ بن مسعودؓ کی تفسیری خدمات اور تفسیری آراء کو جمع کیا ہے۔ اس سلسلہ میں انھوں نے قدیم وجدید مصادر و مآخذ سے بھرپور استفادہ کیا ہے۔

**ایمان وعمل کا قرآنی تصور : تصنیف : الطاف احمد اعظمی علیگ**

طبع اول ۱۹۸۶ء، ناشر: ادارہ تحقیق وتصنیف اسلامی علی گڑھ، صفحات ۲۸۰، قیمت ۲۵ روپئے

اس کتاب میں ایمان وعمل کے حقیقی مفہوم کو قرآن وسنت کی روشنی میں موثر و مدلل انداز میں بیان کیا گیا ہے۔ مصنف نے اس خیال کی پرزور تردید کی ہے کہ ایمان کی حیثیت محض ایک جامد عقیدہ کی ہے اور انسان کے خارجی عمل سے اس کا کوئی تعلق نہیں ہے۔

**اسوۂ حسنہ قرآن کی روشنی میں، تصنیف : محمد شریف قاضی**

طبع اول ۱۹۸۶ء، ناشر: مرکزی مکتبہ اسلامی دہلی، قیمت ۴۵ روپئے۔

اس کتاب کی اصل خصوصیت یہ ہے کہ سیرت نبوی کے مختلف پہلوؤں کی توضیح وتشریح کے لیے مصنف نے اصلاً قرآن مجید کو بنیاد بنایا ہے۔ البتہ واقعات اور تاریخی حقائق کے سلسلہ میں احادیث اور تاریخ وسیرت کے معتبر مآخذ کو بھی استعمال کیا گیا ہے۔